فوری ریلیز کے لیے: 9/9/2022 گورنر KATHY HOCHUL

***گورنر HOCHUL نے کمیونٹی کی دو نئی تنظیموں کو 1$ ملین دینے کا اعلان کیا تاکہ بندوقوں کے پرتشدد استعمال کو کم کرنے کے لیے سٹریٹ آؤٹ ریچ پروگرام شروع کیے جائیں***

***SNUG پروگرام بندوقوں کے پرتشدد استعمال کو کم کرنے کے لیے صحت عامہ کا طریقہ استعمال کرتا ہے: ذریعے کی شناخت کریں، ترسیل کو روکیں اور افراد اور کمیونٹیز کو خدمات اور وسائل فراہم کرکے اس کا علاج کریں***

***نیاگرا فالز اور یوٹیکا اب SNUG پروگراموں والی 12 دیگر کمیونٹیز کے ساتھ شامل ہو گئے ہیں، ان پروگراموں کو ریاست نیو یارک ڈویژن برائے جرائم سے متعلق عدالتی خدمات کے ذریعے سپورٹ اور فنڈ فراہم کیے جاتے ہیں***

گورنر Kathy Hochul نے آج اعلان کیا کہ SNUG اسٹریٹ آؤٹ ریچ منصوبے قائم کرنے کے لیے نیاگرا فالز اور یوٹیکا میں کمیونٹی کی دو تنظیموں کو 1$ ملین ریاستی فنڈنگ جاری کی گئی ہے۔ اس سال کے ریاستی بجٹ میں گورنر کی طرف سے محفوظ کردہ، یہ فنڈنگ اس پروگرام کو ریاست بھر میں 12 سے بڑھا کر 14 کمیونٹیز تک لے جائے گی۔ SNUG، افراد اور خاندانوں کو خدمات اور وسائل فراہم کرکے اور بندوقوں کے پرتشدد استعمال کے متعلق کمیونٹی کے اصولوں کو تبدیل کرتے ہوئے ذریعے کی شناخت کرکے، ترسیل کو روک کر اور اس کا علاج کرکے بندوقوں کے پرتشدد استعمال کو کم کرنے کے لیے صحت عامہ کا طریقہ استعمال کرتا ہے۔

"ہم اپنی سڑکوں پر تشدد اور پرتشدد جرائم کے نت نئے، موثر حل کی حمایت کرنے کے لیے ایک جامع نقطہ نظر اختیار کر رہے ہیں اور وسائل کو متحرک کر رہے ہیں اور SNUG جیسے منصوبے مسلسل بہت اچھی پیش رفت دکھا رہے ہیں،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "ہم نے ریاست نیو یارک کے تمام علاقوں میں SNUG سٹریٹ آؤٹ ریچ منصوبے کے مثبت اثرات دیکھے ہیں اور آج اعلان کردہ اضافی فنڈنگ اس کامیاب منصوبے کو وسعت دے گی اور کمیونٹیز اور مقامی قانون نافذ کرنے والے اداروں کو بندوقوں کے پرتشدد استعمال کے وبال سے نمٹنے میں مدد کرے گی۔ میری انتظامیہ میدان عمل میں اس اہم کام کی حمایت کے لیے تشدد میں رکاوٹ ڈالنے والوں کے ریاستی نیٹ ورک کو وسعت اور فنڈنگ دینا جاری رکھے گی۔"

"ہمارے نوجوان اور ہماری کمیونٹیز کے تمام افراد، بندوقوں کے پرتشدد استعمال کے تباہ کن اثرات اور بندوقوں کے پرتشدد استعمال کے خطرے سے آزاد اپنی زندگی گزارنے کا حق رکھتے ہیں،" **لیفٹیننٹ گورنر Antonio Delgado نے کہا۔** "SNUG اسٹریٹ آؤٹ ریچ منصوبے اس کو تسلیم کرتے ہیں اور بندوقوں کے پرتشدد استعمال میں ملوث ہونے کے خطرے سے دوچار افراد کو متبادل فراہم کرتے ہیں، اور متاثرہ افراد کے لیے مدد فراہم کرتے ہیں۔ یہ اہم فنڈنگ SNUG منصوبے کی توسیع کی اجازت دے گی تاکہ زیادہ قابل اعتماد پیغام رساں، تنازعات میں ثالثی کر سکیں، انتقامی کارروائیوں کو روک سکیں اور ایسی اور زیادہ کمیونٹیز میں بندوقوں کے پرتشدد استعمال کو کم کر سکیں جو صحت عامہ کے اس بحران سے سب سے زیادہ متاثر ہیں۔"

SNUG سٹریٹ آؤٹ ریچ منصوبہ بندوقوں کے پرتشدد استعمال کو کم کرنے اور روکنے کے لیے گورنر Hochul کے جامع منصوبے کا ایک کلیدی حصہ ہے، جو 2020 کے بعد سے ریاست اور ملک کی اور زیادہ کمیونٹیز میں پھیلا ہے۔ گورنر نے کمیونٹی پر مبنی ردعمل میں سرمایہ کاری کو تین گنا بڑھا دیا ہے؛ مقامی قانون نافذ کرنے والے اقدامات میں سرمایہ کاری کی ہے جو فائرنگ، آتشیں اسلحے سے قتل اور بندوقوں کے دیگر مجرمانہ استعمال کو حل

کرنے، کم کرنے اور روکنے کے لیے ہیں؛ اور غیر قانونی بندوقوں کے حوالے سے بین ریاستی ٹاسک فورس بنائی ہے۔

ریاستی ڈویژن برائے مجرمانہ انصاف کی خدمات (Division of Criminal Justice Services, DCJS) نے نیاگرا فالز، سکینیکٹیڈی اور یوٹیکا میں SNUG منصوبہ چلانے کے لیے کمیونٹی پر مبنی تنظیموں سے تجاویز طلب کیں۔ نیاگرا فرونٹئیر .Inc کے کمیونٹی مشنز کو نیاگرا فالز منصوبے کے لیے $500,000 ملے گا، اور انٹیگریٹڈ کمیونٹی متبادل نیٹ ورک (Integrated Community Alternatives Network ICAN) یوٹیکا میں SNUG قائم کرنے کے لیے $500,000 وصول کرے گا۔ موصول ہونے والی اہل درخواستوں کی ناکافی تعداد کی وجہ سے DCJS سکینیکٹیڈی میں منصوبہ قائم کرنے کے لیے اس موسم خزاں میں درخواستوں کے لیے ایک دعوت نامہ دوبارہ جاری کرے گا۔

**ڈویژن برائے مجرمانہ انصاف کی خدمات کی کمشنر Rossana Rosado نے کہا،** "میں نے ریاست بھر کا سفر کیا ہے، اپنی SNUG ٹیم کے ارکان سے ملاقات کی ہے اور بندوقوں کے پرتشدد استعمال سے نمٹنے میں وہ جو اہم کردار ادا کرتے ہیں اس کو ذاتی طور پر دیکھا ہے۔ میں نے ان کی اپنی زندگیوں میں رکاوٹوں پر قابو پانے میں کامیابی اور دوسرے نوجوانوں پر یقین کر کے، ان کی اپنے آپ پر یقین کرنے میں مدد کر کے اور خطرے سے دوچار نوجوانوں کو متبادل، مواقع اور مدد فراہم کر کے ان کی زندگیوں میں جو تبدیلی یہ لائے ہیں، اس کو دیکھا ہے۔ ہم اس منصوبے کی مسلسل حمایت اور ان اضافی فنڈز کے لیے گورنر Hochul کا شکریہ ادا کرتے ہیں، جس سے ان قابل اعتماد پیغام رسانوں کو ان کمیونٹیز میں بندوقوں کے پرتشدد استعمال کو کم کرنے میں مدد ملے گی جو بندوقوں کے پرتشدد استعمال میں اضافے کی وجہ سے مشکلات کا شکار ہیں۔"

**ریاست نیو یارک دفتر برائے بندوقوں کے پر تشدد استعمال کے انسداد کی ڈائریکٹر Calliana S. Thomas نے کہا،** "تشدد کی روک تھام کی کوششوں کے کامیاب نفاذ کے لیے کمیونٹی پر مبنی اور ان کی قیادت میں حکمت عملی اہم ہے۔ SNUG جیسے منصوبے ان لوگوں کی فلاح و بہبود کو ترجیح دیتے ہیں جو بندوقوں کے پرتشدد استعمال سے سب سے زیادہ متاثر ہوتے ہیں اور صحت کے سماجی تعین کنندہ عوامل سے براہ راست نمٹنے کے لیے بہترین حالت میں ہیں۔ میں SNUG جیسے منصوبوں کی حمایت اور توسیع کے لیے گورنر Hochul کا شکریہ ادا کرتی ہوں جو صحت، حفاظت، امن اور کمیونٹی کی لچک کو فروغ دے کر پوری ریاست نیو یارک میں ہماری کمیونٹیز میں بندوقوں کے پرتشدد استعمال کو روکتے رہتے ہیں۔ مجھے صحت عامہ کے نقطہ نظر کے ذریعے تشدد کے چکر کو روکنے کے لیے گورنر اور SNUG کے ساتھ شراکت پر فخر ہے۔"

نیاگرا فالز، یوٹیکا اور سکینیکٹیڈی ریاست کے تعاون یافتہ SNUG نیٹ ورک کی درج ذیل کمیونٹیز میں شامل ہو جائیں گے: البانی، برونکس، بفلو، ہیمپسٹیڈ، ماؤنٹ ورنن، نیوبرگ، پفکیپسی، سیراکیوز، راچسٹر، ٹرائے، ویانڈینچ اور یونکرز۔

**نیاگرا فالز کے مئیر Robert Restaino نے کہا،** "اگرچہ بندوقوں کا پر تشدد استعمال ایک قومی مسئلہ ہے، لیکن بہت کم لوگوں میں اس کا جواب تلاش کرنے کی ہمت ہے۔ گورنر Hochul اس مسئلے کا مقابلہ کرنے کی کوششوں میں ایک رہنما کے طور پر کام جاری رکھے ہوئے ہیں اور ہم نیاگرا فالز میں SNUG کے لیے فنڈنگ فراہم کرنے میں ان کی مدد کو سراہتے ہیں۔ SNUG ہماری کمیونٹی کو اس مسئلے پر حملہ کرنے کے لیے ایک اور ٹول دے گا اور تشدد کے اس چکر میں پھنسے افراد اور خاندانوں کی مدد کرے گا۔"

**یوٹیکا کے مئیر Robert Palmieri نے کہا،** "یوٹیکا کے شہر نے بندوقوں کے پرتشدد استعمال سے نمٹنے کے لیے فعال کارروائی کی ہے؛ جس میں پانچ نئے پولیس افسران کا اضافہ بھی شامل ہے۔ ہم دیگر بلدیات اور ایجنسیوں کے ساتھ شراکت داری جاری رکھیں گے کیونکہ بندوقوں کا پرتشدد استعمال معیاری زندگی کے لیے ایک وبال ہے۔ میں SNUG منصوبے کو فنڈنگ دینے کے لیے گورنر Hochul کی تعریف کرتا ہوں اور اپنے رہائشیوں کے لیے عوامی تحفظ کی حفاظت اور فروغ کے لیے ریاست اور ICAN کے ساتھ مل کر کام کرنے کا منتظر ہوں۔"

**کمیونٹی مشنز سپیشلائزڈ سروسز کے نائب صدر Eric Boerdner نے کہا،** "ہم نیاگرا فالز میں SNUG اسٹریٹ آؤٹ ریچ منصوبہ شروع کرنے کے لیے پرجوش ہیں، اور ہم اس اہم منصوبے میں تعاون اور سرمایہ کاری کے لیے گورنر Hochul کا شکریہ ادا کرتے ہیں۔ ہمیں بندوقوں کے پرتشدد استعمال کو کم کرنے کے لیے ہر ممکن کوشش کرنے کی ضرورت ہے، اور اسٹریٹ آؤٹ ریچ ٹیمیں متبادل اور مدد فراہم کرتے ہوئے، بندوقوں کے پرتشدد استعمال میں ملوث ہونے کے خطرے سے دوچار افراد تک پہنچنے اور ان سے رابطہ قائم کرنے میں اہم کردار ادا کرتی ہیں۔ کمیونٹی مشنز کی اپنے مشترکہ شراکت داروں کے ساتھ کمیونٹی کی ضروریات کو پورا کرنے اور ان منصوبوں کو نافذ کرنے کی ایک پرانی تاریخ ہے، اور ہم اس چیلنج کا مقابلہ کرنے کے منتظر ہیں۔"

**ICAN کے CEO/ایگزیکٹو ڈائریکٹر Steven Bulger نے کہا،** "ہ" SNUG منصوبے کو اپنی بڑھتی ہوئی خدمات کی فہرست میں شامل کرنا اور ان کمیونٹیز کا ساتھ دینا ہمارے لیے باعث اعزاز ہے جو براہ راست اور بالواسطہ طور پر بندوقوں کے پرتشدد استعمال سے متاثر ہیں SNUG نوجوانوں پر مرکوز ICAN کے طویل عرصے سے جاری منصوبوں، ہمارے وسیع و عریض فلسفے اور ہمارے اسٹریٹ آؤٹ ریچ منصوبے کی تکمیل کرے گا۔ ہم بندوقوں کے پرتشدد استعمال میں کمی کے لیے اپنے محلّوں میں نتیجہ خیز اور فعال طور پر کام کرنے کے لیے تیار ہیں۔"

جامع تربیت، سائٹ کے دورے اور DCJS کی مدد نے SNUG کو ریاست اور ملک بھر میں کمیونٹی پر مبنی تشدد کی روک تھام کے منصوبوں سے الگ شناخت دی ہے۔ نئے عملے کو 40 گھنٹے کی تربیت اور نئے سپروائزرز کو 32 گھنٹے کی انتظامی تربیت مکمل کرنا ہوگی۔ تمام عملے کو سالانہ 40 گھنٹے کی پیشہ ورانہ ترقی کی تربیت بھی مکمل کرنی ہوگی۔ یہ جاری تربیت اور تعاون اس بات کو یقینی بنانے میں مدد کرتا ہے کہ یہ منصوبہ تمام SNUG سائٹس پر مستقل طور پر کام کرے، باوجود اس کے کہ اس کو کمیونٹی کی مختلف تنظیمیں چلا رہی ہیں۔ یہ [ویڈیو اس پروگرام کو سب کے سامنے پیش کرتی ہے] اور شراکت داروں کے ساتھ اس کے کام کو ظاہر کرتی ہے۔

SNUG پروگرام میں اسٹریٹ آؤٹ ریچ ملازمین، ہسپتال کے جواب دہندگان، سماجی ملازمین اور کیس مینیجرز ملازم رکھے گئے ہیں جو کمیونٹی اور ٹراما سینٹرز میں کام کرتے ہیں۔ آؤٹ ریچ ملازمین اور ہسپتال کے جواب دہندگان ان کمیونٹیز میں رہتے ہیں جن میں وہ کام کرتے ہیں، اور کچھ مجرمانہ انصاف کے نظام میں شامل رہے ہیں یا تشدد میں اپنے پیاروں کو کھو چکے ہیں۔ یہ قابل بھروسہ پیغام رساں کمیونٹی میں تعلقات کا فائدہ اٹھاتے ہوئے نوعمروں اور نوجوان بالغوں کے ساتھ کام کرتے ہیں تاکہ تنازعات بڑھنے سے پہلے ان کا پتہ لگایا جا سکے اور ان کو ختم کیا جا سکے؛ انتقامی کارروائی کی فائرنگ کو ثالثی کے ذریعے جواب دے کر روکتے ہیں اور زخمی یا ہلاک ہونے والوں کے خاندان کے افراد کی مدد کرتے ہیں؛ اور اس میں ملوث نوجوانوں کی اہداف کا تعین کرنے کے پروگرام کے ذریعے رہنمائی کرنے کے ساتھ ساتھ انہیں تعلیمی اور ملازمت کے مواقع کے ساتھ ساتھ دیگر خدمات کے ساتھ رابطے میں لاتے ہیں۔ یہ پروگرامز ریلیوں، خصوصی تقریبات، اور دیگر کمیونٹی اجتماعات کے ذریعے کمیونٹی، مذہبی تنظیموں اور پادریوں اور مقامی کاروباری اداروں کو بھی شامل کرتے ہیں۔

سماجی ملازمین اور کیس منیجر کمیونٹیز میں بندوقوں کے پرتشدد استعمال یا دیگر جرائم سے متاثرہ افراد کو صدمے سے متعلق مشاورت، معاون گروپوں، وکالت اور ریاستی [دفتر برائے متاثرہ خدمات] میں متاثرہ فرد کے لیے زر تلافی کی درخواستیں داخل کرنے میں مدد اور شناخت شدہ یا ضرورت کے مطابق دیگر خدمات کے لیے حوالہ جات فراہم کرتے ہیں؛ اور SNUG ٹیم کے ارکان کو مدد اور رہنمائی فراہم کرتے ہیں، جن میں سے بہت سے خود پیچیدہ قسم کے صدمے کے احساس سے گزر چکے ہیں۔ 12 موجودہ SNUG سائٹس پر سماجی ملازمین اور کیس مینیجرز کو متاثرین کی خدمات کے دفتر کی جانب سے وفاقی وکٹمز آف کرائم ایکٹ (Victims of Crime Act, VOCA) گرانٹس سے مالی اعانت فراہم کی جاتی ہے؛ نئی سائٹس کو اس سال کے نافذ کردہ بجٹ سے ریاستی ڈالروں سے مکمل طور پر فنڈ کیا جائے گا۔

**ڈویژن برائے مجرمانہ انصاف کی خدمات**

[ڈویژن برائے مجرمانہ انصاف کی خدمات] ریاست کے مجرمانہ انصاف کے نظام کے تمام پہلوؤں کے لیے انتہائی لازمی معاونت فراہم کرتا ہے، بشمول، لیکن ان تک محدود نہیں: قانون نافذ کرنے والے اور دیگر مجرمانہ انصاف کے

پیشہ ور افراد کی تربیت؛ قانون نافذ کرنے والے اسناد دینے کے پروگرام کی نگرانی؛ مقامی قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ذریعے استعمال ہونے والے شراب نوشی کو جانچنے اور حدِ رفتار کے نفاذ کے آلات کو درست طریقے سے چلانے کو یقینی بنانا؛ مجرمانہ انصاف گرانٹ فنڈنگ کا انتظام؛ ریاست بھر میں جرائم اور منصوبے کے اعداد و شمار کا تجزیہ کرنا؛ تحقیقی معاونت فراہم کرنا؛ کاؤنٹی کے آزمائشی مدت والے محکموں کی نگرانی اور قید کے منصوبوں کے متبادل؛ اور نوجوانوں کی انصاف کی پالیسی کو مربوط کرنا۔ DCJS کو [فیس بک](#) اور [ٹویٹر](#) پر فالو کریں۔

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418